QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 159

بارشوں کے دوران بجلی حادثات سے محفوظ رہنے کیلئے حفاظتی تدابیر اختیار کیا جائے: کیسکو

کوئٹہ: 31 دسمبر 2025ء۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) نے اپنے تمام صارفین سے اپیل کی ہے کہ وہ بارش کے دوران بجلی کے حادثات سے بچاؤ کیلئے حفاظتی تدابیر اختیار کریں اور اس دوران بجلی حادثات سے محفوظ رہنے کیلئے بجلی کے کھمبوں اور برقی تنصیبات کو چھونے سے اجتناب کریں نیز تمام صارفین اپنے بچوں کو بھی حفاظتی اقدامات کی تاکید کریں تاکہ کوئی جان لیوا حادثہ رونما نہ ہو جائے کیونکہ بجلی کسی کا لحاظ نہیں کرتی لہٰذا غیر ضروری خود اعتمادی سے پرہیز کریں ۔تمام صارفین بارش کے دوران بجلی کے کھمبوں اور دیگر برقی تنصیبات کو چھونے سے اجتناب کیا جائے کیونکہ گیلے ہونے کی وجہ سے برقی آلات میں اکثر اوقات برقی رو سرایت کر سکتی ہے اس لئے خود بھی اور اپنے بچوں کو بھی اس سے دور رکھیں۔

اسی طرح تمام صارفین اپنے گھروں میں بھی بجلی کے تمام آلات کو باقاعدہ طور پر ارتھ کریں نیز کپڑوں پر استری کرتے وقت پیروں تلے خشک قالین یا لکڑی کا کوئی ٹکڑا ضرور رکھیں ۔اسی طرح بجلی کی ناقص گھریلو وائرینگ کی طرف خصوصی توجہ دیں اور ننگی تاروں کو جلد از جلد تبدیل کر لیں یا ان کو مناسب اور محفوظ طریقے سے ٹیپ کروائیں۔اس کے علاوہ کیسکو نے تمام صارفین پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ وہ گیلے ہاتھوں، گیلے کپڑوں یا جوتے گیلے ہونے کی صورت میں بجلی کے پنکھوں کے سوئچ تار اور دیگر برقی آلات کو ہرگز ہاتھ مت لگائیں ۔صارفین بجلی آلات بھی بچوں کی رسائی سے دور رکھیں اور عام طور پر مشاہدہ ہے کہ چھوٹے بچے ان برقی آلات کو پکڑنے اور چھونے کی کوشش کرتے ہیں جو کہ جان لیوا حادثے کا باعث بن جاتے ہیں۔بے جا خود اعتمادی اور لاپرواہی کی وجہ سے قیمتی جان ضائع ہونے کے ساتھ ساتھ کچھ لوگ مستقل معذور بھی ہو جاتے ہیں جس کا عمر بھر مداوا نہیں ہو سکتا۔لہٰذا کیسکو اپنے تمام صارفین سے اپیل کرتی ہے کہ وہ اپنے پیاروں کی قیمتی زندگی کو محفوظ بنانے کے لیئے ہمیشہ احتیاط کریں۔